# LAHORE BOARD

## GRADE 10

## URDU

## 2019 GROUP 1

**MCQ's**

**(i) چغلخور کو چغل خور کہیں تو وہ** **(1)**

الف- لڑ پڑتا ہے

ب- بھاگ جاتا ہے

ج- ناراض ہو جاتا ہے

د- شرم آ جاتا ہے

**درست جواب:** الف- لڑ پڑتا ہے

**(ii) آفت کا مارا فقیر کتنے بچوں کا باپ تھا.** **(1)**

الف- 3

ب- 5

ج- 7

د- 9

**درست جواب:** ج- 7

**(iii) نظم "بہادر بچے" کے شاعر کے مطابق کونسا موسم آنے والا ہے ؟** **(1)**

الف-خزاں

ب- بہار

ج- گرمی

د- سردی

**درست جواب:**ب- بہار

**(iv) کانگریس کب قائم ہوئی ؟** **(1)**

الف- 1885

ب- 1886

ج- 1895

د- 1906

**درست جواب:** الف- 1885

**(v) سیدانی بھی کا خاندان تباہ ہوگیا تھا.** **(1)**

الف- سیلاب میں

ب- زلزلے میں

ج- فسادات میں

د- مربٹہ گردی میں

**درست جواب:**د- مربٹہ گردی میں

**(vi) لڑکی سیاہ ریشمی برقعے میں لپٹی کس کے سامنے کھڑی تھی ؟** **(1)**

الف- دکان کےسامنے

ب- ریلوے ٹکٹ گھر کے سامنے

ج- ابا کے سامنے

د- آئینے کے سامنے

**درست جواب:** ب- ریلوے ٹکٹ گھر کے سامنے

**(vii) نظم 'کسان' کا ابتدائی پس منظر ہے.** **(1)**

الف- شام کا

ب- صبح کا

ج- جھٹ پٹےکا

د- رات کا

**درست جواب:** ج- جھٹ پٹےکا

**(viii) نظم 'مال گودام روڈ' کس شاعر کی تخلیق ہے ؟** **(1)**

الف- دلاور فگار

ب- مرزا محمود سرحدی

ج- میر انیس

د- جمیل الدین عالی

**درست جواب:** ب- مرزا محمود سرحدی

**(ix) شاعر کا دل ٹوٹ کر کس سے ملتا ہے ؟** **(1)**

الف- کج ادا سے

ب- دلربا سے

ج- خوش ادا سے

د- مل کے بھی جو نہیں ملتا

**درست جواب:** د- مل کے بھی جو نہیں ملتا

**(x) رشید احمد صدیقی نے خط میں کس کی وفات کا ذکر کیا ہے ؟** **(1)**

الف- مولانا ضیاء احمد

ب- بیگم ڈاکٹر محمد حسن

ج- برادر سید بشیر الدین

د- بیگم سید بشیر الدین

**درست جواب:** الف- مولانا ضیاء احمد

**(xi) درست تلفظ کی نشاندہی کیجئے۔** **(1)**

الف- تعِاون

ب- تُعاون

ج- تَعَاوُنُ

د- تعاون

**درست جواب:** ج- تَعَاوُنُ

**(xii) بناوٹ کے اعتبار سے اسم کی کتنی اقسام ہیں ؟** **(1)**

الف- دو

ب- تین

ج- چار

د- پانچ

**درست جواب:** الف- دو

**(xiii) چندا گرائمر کی رو سے کیا ہے ؟** **(1)**

الف- لقب

ب- کنیت

ج- تخلص

د- عرف

**درست جواب:** د- عرف

**(xiv) معطر کا درست لفظ ہے۔** **(1)**

الف- مُعِطَرْ

ب- مُعْطَرْ

ج- مَعَطِرُ

د- مُعَطَرُ

**درست جواب:** د- مُعَطَرُ

**(xv) وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو کہلاتا ہے** **(1)**

الف- فعل مجہول

ب- فعل لازم

ج- فعل معروف

د- فعل متعدی

**درست جواب:** ج- فعل معروف

**سوال نمبر 2 (10:** **مندرجہ ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجئے -**
**( تین اشعار حصہ نظم سے اردو اشعار حصہ غزل سے)**

**الف) یوں ہی گر روتا رہا غالب تو اے اہل جہاں**
**دیکھنا ان بستیوں کو تم کو ویراں ہو گئیں**

**ب) دوڑتی ہے رات کو جس کی نظر افلاک پر**
**دن کو جس کی انگلیاں رہتی ہیں نبض خاک پر**

**ج) سب محنت کش گلے ملے اور ابھرا اک پیغام**
**اس پیغام کو سمجھو یہ ہے قدرت کا انعام**

د) ڈگمگا جاتے ہیں ر یڑھے لڑ کھڑا جاتی ہے جیپ
واپس آجائے سلامت سائیکل کی کیا مجال

حصہ غزل
الف) مل کے بھی جو کبھی نہیں ملتا
ٹوٹ کر دل، اسی سے ملتا ہے
ب) ایک مدت سے تیری یاد بھی آئی نہ ہمیں
اور ہم بھول گئے ہوں تجھے ایسا بھی نہیں

د) تِرے رُتبہ دانِ محبت کی حالت
تِرے شوق میں کیا سے کیا ہو گئی ہے

سوال نمبر 3: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کریں نیز حوالہ متن بھی تحریر کریں (5

(الف ذرا سایہ اعلان ہوتے ہی ممبر سے دروازے تک چار فیٹ کا راستہ بن گیا۔ نمازی دو رویہ کھڑے ہوں گے ایک انسان اپنی جگہ سے نہ ہلا اور ہم سب مندوبین نہایت اطمینان سے باہر آگئے یہ تنظیم کی بات ہے۔ حرُک اب دنیا کی نہایت شائستہ اور منظم قوم بن چکے ہیں

ب) مرزا صاحب دہلی کے شرفاء کے ایک متمول خاندان کے چشم و چرا غ تھے طرا ہا بیرم خان سے آگے بڑھ کر ایک راستہ سیدھا مڑجاتا ہے اسی کے نکڑ پر مرزا صاحب کا آبائی مکان تھا اسی علاقے میں سرسید احمدخان کا قدیم مکان بھی تھا سر سید سے بھی مرزا صاحب عزیز داری تھی اور منشی ذکاءاللہ سے بھی ان کی قرابت داری ہوگئی تھی

سوال نمبر 4: مندرجہ ذیل میں سے صرف پانچ سوالات کے جوابات تحریر کریں ہر سوال کا جواب تین سے چار سطور تک ہو: (10

i) سلطان ٹیپو اپنی جدوجہد میں کیوں کامیاب نہ ہو سکا؟

ii) سیدانی بی کی شخصیت پر تین جملے تحریر کریں

iii) لوک کہانی کی مختصر تعریف کیجئے؟

iv) مسجد سلیمانیہ کس نے تعمیر کرائی ؟

v) پون ٹوٹی (چنگی) کس چیز پر معاف تھی ؟

vi) انسان کو انسان ہونے کا عرفان ہونے سے کیا مراد ہے؟

vii) دل کے کنول اور چراغوں میں کیا بنیادی فرق بتایا گیا ہے؟

viii) جھیل گئے دکھ جھیلنے والے اب ہے کام ہمارا "اس مصرے کا مفہوم بیان کیجیے "

سوال نمبر 5: کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے- (5
الف -ملمع
ب- علی بخش
سوال نمبر 6: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے - (15
الف- تعلیم نسواں
ب-علم کے فائدے
ج- قائداعظم
سوال نمبر 7: درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھئے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے- (10

سکون کے وقت سمندر کا دیدارآنکھوں کو فرحت بخشنے والی چیز ہے- تختہ جہاز پر کھڑے ہو کر دیکھیں تو لہروں کا ایک لاتعداد سلسلہ نظر آتا ہے، جو ہوا کے نرم نرم جھونکوں کے اثر سے سمندر پر قریب قریب ہر وقت آتے رہنے سے ایک دوسرے کے پیچھے حلقے بناتا چلا جاتا ہے- ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لہریں ایک دوسرے کے پیچھے دوڑ رہی ہیں- صبح کے وقت جب آفتاب نکلتا ہے اور اچھلتی ہوئی لہروں کی سفید جاگ پر اس کی کرنیں پڑتی ہیں تو قوس قزح کے سارے رنگ دفعتاً شفاف پانی کے تختوں پر چمک جاتے ہیں اور دور افق کے قریب تو سنہری روپہلی فرش بچھا ہوا نظر آتا ہے

i) سکون کے وقت سمندر کا نظارہ کیسا ہوتا ہے؟

ii) تختہ جہازسے سمندر کیسا نظر آتا ہے؟

iii) اس عبارت کا موضوع عنوان لکھیے؟

iv) صبح کے وقت سمندر کا منظر کیسا ہوتا ہے؟

v) دورافق کے قریب کیا نظر آتا ہے ؟

# LAHORE BOARD

## GRADE 10

## URDU

## 2019 GROUP 2

**MCQ's**

**(ii) کلمہ کی اقسام والی درست فہرست ہے** **(1)**

الف- موضوع محمل فاعل

ب-ماضی حال مستقبل

ج- فعل فاعل مفہول

د- اسم فعل حرف

**درست جواب:** د- اسم فعل حرف

**(iii) جگر مراد آبادی کے مطابق روح کو محبت کا مزہ کب ملتا ہے۔** **(1)**

الف- دل کے ہمسائیگی میں

ب- ہجر و فراق میں

ج- وصال یار میں

د- خلوت و تنہائی میں

**درست جواب:** الف- دل کے ہمسائیگی میں

**(iv) " مقیاس الحرارت" قواعد کی رو سے ہے۔** **(1)**

الف- حرارتی توانائی

ب- اسم مفول قیاسی

ج- اسم قیاس و اجتہاد

د- اسم الہ

**درست جواب:** د- اسم الہ

**(v) مرزامحمدسعید اپنی پنشن کا بڑا حصہ صرف کر دیتے تھے۔** **(1)**

الف- جائیداد خریدنے پر

ب- خیرات کرنے پر

ج- کتابیں خرید نے پر

د- کھانے پینے پر

**درست جواب:** ج- کتابیں خرید نے پر

**(vi) تم بندوق سے حملہ کرتے ہو ہم تم پر حملہ کریں گے.** **(1)**

الف- قلم سے

ب- میزائل سے

ج- توپ سے

د- ڈرون سے

**درست جواب:** الف- قلم سے

**(vii) لفظ مخلص کے درست اعراب کی نشاندہی کیجئے.** **(1)**

الف- مُخِلَصُ

ب- مُخْلَصْ

ج- مَخَلِصْ

د- مِخْلِصْ

**درست جواب:**ب- مُخْلَصْ

**(viii) چغلخور نے کیا بتایا کہ کوڑھی کے جسم کا ذائقہ ہوجاتا ہے.** **(1)**

الف- کھٹا

ب- میٹھا

ج- کڑوا

د- نمکین

**درست جواب:** د-نمکین

**(ix) لفظ منقار کے درست اعراب ہیں.** **(1)**

الف- مَنْقَارْ

ب- مُنِقَار

ج- مُنقَارْ

د- مِنْقَارْ

**درست جواب:** د- مِنْقَارْ

**(x) شاعر احسان دانش کے مطابق حضرت محمد کی آمد سےانسان کو کس کا عرفان حاصل ہوگا.** **(1)**

الف- اللّٰہ تعالیٰ کا

ب- کائنات کا

ج- انسان کا

د- ان سب کا

**درست جواب:** ج- انسان کا

**(xiii) شاعر جمیل الدین عالی کے نزدیک پاکستان ستاروں کی جھرمٹ میں ہے. (1)**

الف- چاند
ب- روشن ستارہ
ج- مرکزہ
د- سورج
**درست جواب:** د- سورج

**(xv) کشمیر پاکستان کی شاہ رگ ہے شاہ رگ قواعد کی رو سے ہے (1)**
الف- اسم مذکر
ب- اسم مکبر
ج- اسم صوت
د- اسم ظرف
**درست جواب:** ب- اسم مکبر

**مندرجہ ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجئے - (10 :سوال نمبر 2**
**( تین اشعار حصہ نظم سے دو اشعار حصہ غزل سے)**
**الف) یہ سرد و گرم ، خشک و تر، اجالا اور تاریکی**
**نظر آتی ہے سب میں شان اسی کی ذات باری کی**
**ب) وہ لُو کہ الخدر، وہ حرارت کہ الاماں**
**رَن کی زمین تو سُرخ تھی اور زرد آسماں**

**ج) یہ سماں اور ایک قوی انسان ،یعنی کاشت کار**
**ارتقاء کا پیشوا ، تہذیب کا پروردگار**
**د) رونقیں ہیں رونقیں ہیں جس طرف دیکھیے**
**چیخنے لگتے ہیں اس پر شام ہوتے ہی شغال**
**حصہ غزل**
**الف) یہ فخر تو حاصل ہے، برے ہیں کہ بھلے ہیں**
**دو چار قدم ہم بھی تِرے ساتھ چلے ہیں**
**ب) رنگ وہ فصل خزاں میں ہے کہ جس سے بڑھ کر**
**شان رنگینی حسن چمن آرا بھی نہیں**
**ج) روح کو بھی مزا محبت کا**
**دل کی ہمسایگی سے ملتا ہے**
**مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کریں نیز حوالہ متن بھی تحریر :3 سوال نمبر کریں 5)**
**یہ ضرور ہے کہ جن مرغان خوش نوا کی تعریف میں شعر ا اس قدر رطب السان ہیں ان کی عنایت سے میں (الف خوش نہیں ہو ا کہ سب کے سب میرے کمرے کے نیچے درخت پر جمع ہوگئے اور شور مچانا شروع کر دیا تاہم ہم نے کوشش کرکے ان کی طرف سے کان بند کر لیے اور کام میں ہمہ تن مشغول ہوگیا**
**ب) میرا خیال ہے کہ مرحوم سے شاید ہی کبھی کسی شخص کو تکلیف پہنچی ہو. شریف شخص کی یہ صفت سب سے معتبر معنی گئی ہے. اردو،فارسی اور عربی ادبیات پر مرحوم کی نظر بڑی گہری، وسیع اور متنوع تھی جس کبھی زبان پر نہیں لائے-بڑے شوق اور کی ہم سب ہمیشہ معترف رہے اور اس سے استفادہ کیا. ناملائم الفاز سنجیدگی سے علمی مسائل پر اظہار خیال فرماتے تھے**

**سوال نمبر 4: مندرجہ ذیل میں سے صرف پانچ سوالات کے جوابات تحریر کریں ہر سوال کا جواب تین سے چار سطور تک ہو: 10)**

i) سر سید کے کس دوست نے مسلم لیگ کی بنیاد رکھی اور مسلم لیگ کب قائم ہوئی ؟

ii) علی بخش کو ایک مربع زمین کہاں اور کیوں الاٹ ہوئی؟

iii) اردو کے شعرا نے ہر دور میں عیدالفطر کو موضوع سخن کیوں بنایا ؟

iv) نام دیو مالی کی موت کا سبب کیا تھا ؟

v) فاطمہ کو راکھ میں دبی ہوئی چنگاری کیوں کہا گیا ہے ؟

vi) کھیت سے منہ پھیر کر کسان کہاں جاتا ہے ؟

vii) فراق گورکھپوری کی شامل نصاب غزل اُن کے کس مجموعہ کلام سے لی گئی ہے؟

viii) مرزا محمد سعید کا آبائی گھر کس شہر میں تھا اور کس عظیم مسلمان رہنما ان کی عزیز داری تھی؟ سے

سوال نمبر5: کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے- (5

الف - اردو ادب میں عید الفطر
ب- پرستان کی شہزادی

محنت کی برکتیں
ڈاکٹر علامہ محمد اقبال
شہری اور دیہی زندگی

سوال نمبر74: درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھئے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے- (10

پنجاب کی حد ان دنوں میں غزنی کی حد تک پھیلی ہوئی تھی اور راجہ یہاں کا جےپال تھا -جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے معلوم ہوئے تو اس نے غزنی پر ایک بھاری فوجی چڑھائی کی- چنانچہ دفعتاً ملغان پر جا کر ڈیرے ڈال دیئے اور پشاور سے کابل تک برابر لشکر پھیلا دیا -ادھر سے سبکتگین بھی نکلا -چنانچہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں اور ایک دوسرے کی پیش دستی کی منتظر تھیں کہ دفعتاً آسمان سے گولے پڑنے لگے یعنی بے موسم برف گرنی شروع ہوگئی- وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے- انہیں خبر بھی نہ ہوئی- ہندوستانی بے چارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈنے لگے- مگر وہاں رضائی کا گزارا کہاں ،سیکڑوں اکڑ کر مر گئے ،ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے ،جو بچے ان کے اوسان جاتے رہے

i) پنجاب کی حد غزنی تک پھیلی ہوئی تھی ،کس زمانے میں ؟

ii) جے پال کون تھا اور سبکتگین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟

iii) وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے- کون برف میں رہنے کے عادی تھے؟

iv) وہاں رضائی کا گزارا کیوں نہیں تھا ؟

v) جےپال اور سبکتگین میں جنگ کیوں نہ ہوئی؟